Urdu

# قومی ادارہ ٔفیشن ٹکنالوجی

## وزارت لباس، بھارت سرکار

## حوض خاص، نئی دہلی110016(ہندوستان)

## ہندوستان کی قومی پیمائش(انڈیا سائز)میں شرکت کے لئے اقرار نامہ

## بے مثال اسکین آئی۔ڈی---------

### تحقیقی مطالعہ سے متعلق عام جانکاری:

اک خاص موضوع یا مدّعا کی بہتر سمجھ حاصل کرنا کسی بھی تحقیق کا خاص مقصد ہوتا ہے۔اس طرح کا محاسبہ یا مطالعہ شریک ہونے والوں کو کسی بھی ذاتی فائدہ کی گارنٹی نہیں دیتا ہے۔اس محاسبہ میں شرکت اپنی خواہش پر ہے اور شریک ہونے والے خواہش کے مطابق بنا کسی دباؤکے کسی بھی میدان میں حصہ نہیں لینے کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔اس معائنہ میں حصہ لینے کی گذارش کرتے ہوئے یہ اقرار نامہ اس تحقیق کے بارے میں آپ کو خاص تفصیل(جانکاری)عطا کرے گا۔یہ شرکت کرنے والوں کا حق ہے کہ اس موقع پر موجود منصوبہ(پروجیکٹ) کے عہدیداروں سے مجوّزہ تحقیق کے بارے میں کوئی وضاحت یا جانکاری اور فارم میں ذکر کئے گئے کسی بھی نقطہ پر جانکاری مانگ سکتے ہیں۔اس اقرار نامہ کی ایک کاپی مستقبل کے حوالہ اور دستاویز کے لئے شریک ہونے والوں کو دی جائیگی۔

### انڈیا سائز کے اس تعلیمی تحقیق کا پس منظر:

یہ محاسبہ وزارت لباس، بھارت سرکار کی سرپرستی میں قومی ادارہ ٔفیشن ٹکنالوجی (NIFT)نئی دہلی کے ذریعہ بھارت کی انسانی آبادی کی بنیاد پر کپڑا اور پہناوا صنعت کی ترقی کے لئے ایک بڑے پیمانے پر جسمانی سائز چارٹ کو بڑھاوا دینے کے لئے کیا جارہا ہے۔یہ محاسبہ ایک سائنسی طریقہ کار ہے۔جہاں ایک نمونہ(سیمپل) آبادی میں سے 15 سے 65 سال اور اس سے زیادہ عمر والے مرد اور عورتوں کے جسمانی ناپ جمع کئے جائینگے۔اس میں حصہ لینے والوں کا جسمانی ناپ ایک خاص اسکین سوٹ کا استعمال کرتے ہوئے بحفاظت(3D)اسکیننگ تکنیک کے ذیعہ لیا جائگا۔

اس عمل میں جسمانی ناپ کے متعلق ڈاٹا کے علاوہ مردم شماری کا ڈاٹا بھی جمع کیا جائیگا۔جس کا استعمال جانکاری کے تجزیہ میں کیا جائیگا۔

### محاسبہ کا مقصد اور فائدہ:

اس محاسبہ کا مقصد پہناوا کو شکل دینے والے طریقوں میں نابرابری اور بے قاعدگی کو دھیان میں رکھتے ہوئے لباسوں کے بہتر ناپ عطا کرتا ہے۔ہندوستانی آبادی کے لئے پہناوؤں کی شکلی چارٹ(تیار لباس)کا معیار قائم کرنا اس محاسبہ کا ایک خاص مقصد ہے۔اس مطالعہ کا نتیجہ لباسوں کے علاوہ موٹر گاڑیوں، ہوائی خلاء، مناسب شکل و صورت اور کھیل، فن یا آرٹ، کمپیوٹر کے کھیل، علاج و معالجہ جیسے مختلف میدانوں میں بھی مؤثر ہوگا۔جہاں اس ڈاٹا سے ہندوستانی آبادی کے لئے عمدہ اور خاصیت والے آسان اور مناسب پیداوار(پروڈکشن)کی تعمیر کی جاسکے گی۔

### وقت اور سرگرمی:

محاسبہ میں شریک ہونے کے لئے ہونے کے لئے راضی ہونے والے ہر حصہ لینے والے کو مندرجہ ذیل اعمال سے گزرنا ہوگا:

1- آپریٹر کے ذریعہ(حصہ لینے والوں کو)محاسبہ کی شروعاتی جانکاری دی جائے گی اور ایک اسکین آئی ڈی سونپی جائے گی(5منٹ)

2- حصہ لینے والوں کے ذریعہ مطالعہ میں حصہ لینے کے لئے راضی نامہ(اقراری خط)کو پڑھنا اور اُسے پورا کیا جانا(5منٹ)

Copyright © 2019 National Institute of Fashion Technology. All rights reserved.
This information cannot be circulated or used without prior approval of NIFT.

3- سماجی مردم شماری کے سوالوں کو بھرنا جس میں لازمی اور اپنی پسند والے سوال ہیں۔ اپنی پسند والے سوالوں کے جواب دینا شریک ہونے والوں کی خواہش پر منحصر ہے مگر حصہ لینے والوں سے گزارش ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں ان سوالوں کا جواب دینے کی کوشش کریں (زیادہ سے زیادہ 10 منٹ)

4- کچھ چُنے ہوئے حصہ داروں کو روایتی طریقہ سے فیتہ کی مدد سے ہاتھ سے ناپا جا سکتا ہے (گھیرے کے لئے) اور اسٹیڈیومیٹر سے (اونچائی کے لئے) پورے طور پر چھ (6) جسمانی ناپ آپریٹر کے ذریعہ لئے جاسکتے ہیں (5 منٹ)

5- باڈی اسکینر سے جُڑے ڈریسنگ روم میں اسکیننگ (Scanning) سوٹ کا حصہ لینے والوں کے ذریعہ پہنا جانا اور اسکیننگ کپڑوں میں دو خاص ڈھنگوں میں (ایک بیٹھے ہوئے اور ایک کھڑے ہوئے انداز میں) جسمانی اسکین کیا جانا (15 منٹ)

6- حصہ لینے والوں کے ذریعہ اسکین سوٹ اتار کر اپنے بنیادی کپڑے پھر سے پہننا اور جانے سے پہلے رسمی شکریہ ادا کرنا (5 منٹ)

اوپری حصہ اور نچلا حصہ اسکین سوٹ کے دو خاص حصے ہیں جو حصہ لینے والے مناسب اور اندرونی کپڑے نہیں پہنے ہونگے انھیں جسم کے صحیح ناپ کے لئے مناسب اندرونی لباس دئے جائینگے اور یہ اطمینان دلایا جائے گا کہ دئے گئے اندرونی لباس نئے ہیں اور آخر کار یہ کپڑے حصہ لینے والوں کو یادگار کی شکل میں دے دیئے جائینگے۔ جسم اسکین کرتے وقت اسکینز میں گہرائی ناپنے کے طریقہ کا استعمال کیا جاتا ہے جو حصہ لینے والوں کی صحت کے لئے محفوظ ہے۔ مندرجہ بالا فہرست میں شامل کاموں کے لئے لیا گیا کل وقت 45 منٹ ہے۔

**اسکیننگ (Scanning) عمل کے خطرے:**

یہ (3D) جسمانی اسکیننگ عمل انسانی صحت کے لئے محفوظ ہے۔ اس عمل میں استعمال کئے گئے سائز اسٹریم (Size Stream) جسم اسکینر ہر طرح سے جانچے پرکھے ہیں اور یہ انسانی صحت کے لئے کسی بھی طرح سے نقصاندہ نہیں ہے۔ اس معاملہ میں حفاظتی سند مرکزی مینیجر کے پاس موجود ہے اور اقرار نامہ پر دستخط کرنے سے پہلے حصہ لینے والے کے ذریعہ اس موضوع پر جانچ کی گزارش کی جاسکتی ہے۔

**صیغۂ راز:**

مطالعہ کے دوران جمع کی گئی ذاتی جانکاری کو ہمیشہ راز رکھا جائے گا اور اسے کبھی بھی ساجھا نہیں کیا جائے گا۔ حصہ لینے والوں کے اسکین ڈاٹا اور دوسری جانکاریوں کو صرف ہندوستانی سرکار کے ذریعہ منظور کئے گئے Cloud Services کے ذریعہ محفوظ رکھا جائے گا ساتھ ہی ڈاٹا پوری طرح سے حفاظت سے بند فائلوں میں ہی رکھا جائے گا۔ رازداری قائم رکھنے کے لئے کسی بھی زبانی یا تحریری رپورٹ (اطلاع) میں حصہ لینے والوں کے نام یا پہچان کا کوئی حوالہ نہیں دیا جائے گا منصوبہ کے تحت جمع کی گئی جانکاری کسی بھی تجارتی مقصد کے لئے استعمال نہیں کی جائے گی اور اس کا استعمال صرف منصوبہ کے دائرے میں خاص مقصد کے لئے کیا جائے گا۔

**اشارتی شکریہ ادا کرنا:**

حصہ لینے والوں کو اسکین سوٹ ایک یادگار کی شکل میں تحفہ دیا جائے گا اسکے علاوہ انھیں تحفہ کے طور پر 500 روپئے کا بھاؤچر بھی عمل مکمل ہونے کے بعد دیا جائے گا اگر حصہ لینے والا عمل پورا ہونے سے پہلے واپس جانا چاہتا ہے تو اس حالت میں حصہ لینے والا کسی بھی چیز کا حقدار نہیں ہو گا۔

**نفٹ کے طلبا اور ملازمین:**

اس محاسبہ میں حصہ لینے کے لئے تعلیمی نصاب یا نوکری لازمی نہیں ہے اور اس محاسبہ میں حصہ لینے یا نہ لینے کا فیصلہ کسی سمجھوتہ، کسی گریڈ یا نوکری کو کسی بھی طرح متاثر نہیں کرے گا۔

اس مطالعہ کے بارے میں پوچھ تاچھ: انکوائری کے لئے (india.size@nift.ac.in) پر ای میل (Email) بھیجا جاسکتا ہے۔

اس منصوبہ کے پی آئی (P.I.) ڈاکٹر نوپور آنند، پروفیسر، نفٹ دہلی

منصوبہ کے معاون پی ائی (Co. P.I.) ڈاکٹر مونیکا گپتا، پروفیسر نفٹ دہلی

Copyright © 2019 National Institute of Fashion Technology. All rights reserved.
This information cannot be circulated or used without prior approval of NIFT.

| | |
|---|---|
| **برائے مہربانی حصہ داروں کے عمر کی جانچ کریں** | |
| 15 سال سے زیادہ اور 18 سال سے کم عمر کے حصہ دار | 18 سال سے 65 سال اور اس سے اوپر کے حصہ دار |
| حصہ دار کا نام | حصہ دار کا نام |
| حصد دار کے والدین کا نام / سرپرست / قانونی جانشین<br>فون | حصہ دار کا فون نمبر |
| حصہ دار | حصہ دار کا ای میل Email<br>پتہ |
| حصہ دار / والدین / سرپرست / قانونی جانشین کا ای میل پتہ حصہ دار | گواہ کا نام (کمزور حصہ دار کی حالت میں)<br>گواہ کا فون نمبر |
| والدین سرپرست / قانونی جانشین | گواہ کا Email |
| حصہ دار / والدین / سرپرست / قانونی جانشین کا پتہ حصہ دار | گواہ کا پتہ |
| والدین / سرپرست / قانونی جانشین | حصہ لینے والے کا دستخط |
| والدین / سرپرست / قانونی جانشین / ایک زبانی اقرار نامہ کو نابالغ کے لئے پڑھا گیا اور اُسے رضامندی دی گئی ہے<br>نابالغ حصہ دار کا دستخط | اس عمل کو پوری طرح سے اور ٹھیک ڈھنگ سے اس حصہ دار کو سمجھایا گیا ہے اور جو اپنی خواہش سے اس مطالعہ میں حصہ لے رہا ہے۔<br>گواہ کا دستخط<br>(کمزور حصہ دار ہونے کی صورت میں)<br>تاریخ |
| والدین / سرپرست / قانونی جانشین کا دستخط تاریخ | |

حصہ لینے کے لئے اقرار نامہ: میں نے مندرجہ بالا جانکاری کو زبانی طور پر پڑھ لیا ہے / واضح کر لیا ہے اور سمجھ لیا ہے۔ مجھے اس فارم کی ایک کاپی بھی ملی ہے۔ میں بنا کسی خوف یا دباؤ کے اس محاسبہ / مطالعہ میں اپنی خواہش سے حصہ لینے کے لئے راضی ہوں اور اس سمجھ کے ساتھ کہ میں کسی بھی وقت اپنی خواہش سے عمل میں حصہ لینے یا عمل روکنے کا انتخاب کر سکتا ہوں ایسا کرتے وقت ان فائدوں (جن کے لئے میں حق دار تھا) کے نقصان کے لئے تیار ہوں۔

میں INDIAsize جماعت کو مستقبل میں کسی طرح کی پوچھ تاچھ کے لئے دوبارہ رابطہ کرنے کی اجازت دیتا ہوں۔

حصہ دار کا دستخط

حصہ دار کا نمبر شمار　　　　اسکین آئی ڈی

سائٹ

شہر

تاریخ

Copyright © 2019 National Institute of Fashion Technology. All rights reserved.
This information cannot be circulated or used without prior approval of NIFT.

قومی ادارہ فیشن ٹکنالوجی

وزارت لباس، بھارت سرکار

حوض خاص، نئی دہلی 110016 (ہندوستان)

اسکینگ سائٹ (Scanning Site) پر سرگرمی کے جانچ کی فہرست (Checklist)

تاریخ:                                                            مقام:

| سرگرمی (Activity) | کارگزاری (Completed) | | دستخط سرگرمی انچارج (Activity Incharge Sign.) |
|---|---|---|---|
| بایو میٹرک (Bio-metric) | ہاں | نہیں | |
| سماجی مردم شماری کی اطلاع (Socio-demographic Data) | ہاں | نہیں | |
| اسکین سوٹ مہیا کرانا (Scan Suit Provided) | ہاں | نہیں | |
| 3D اسکیننگ (3D Scanning) | ہاں | نہیں | |
| گفٹ بھاؤچر (Gift Voucher) | ہاں | نہیں | |

حصہ دار کے دستخط

Copyright © 2019 National Institute of Fashion Technology. All rights reserved.
This information cannot be circulated or used without prior approval of NIFT.